تذکرہ خادمِ دین

خطیب شریعت عارف طریقت نمونۂ اسلاف حضرت اقدس
مولانا قاری محمد یامین قاسمی صاحب دامت برکاتہم
(خلیفہ ومجاز: حضرت اقدس خطیب الاسلامؒ) کا جامع ومختصر تذکرہ

جامع و مرتب

قاری محمد یاسین

ادارہ دارالاشاعت حیدرآباد دکن

جملہ حقوق محفوظ

کتاب : تذکرہ خادمِ دین-محمد یامین قاسمی

جامع ومرتب : قاری محمد یاسین

نظر ثانی : مولانا قاری محمد صادق الامین، قاری محمد زعیم

تصحیح : قاری محمد فہیم، قاری محمد عظیم

صفحات : ۴۶۴

سن اشاعت : محرم الحرام ۱۴۴۶ھ، مطابق: جولائی ۲۰۲۴ء

تعداد اشاعت : ایک ہزار (1000)

ناشر : ادارہ دارالاشاعت حیدرآباد دکن

زیرانتظام : جامعہ طیبہ ایجوکیشنل ویلفیر اینڈ چیارٹیبل ٹرسٹ رجسٹرڈ

ای میل:jamiatayyiba2001@gmail.com

فون نمبر:9490774026

ملنے کا پتہ

- خانقاہِ فیض صالحین حیدرآباد دکن
- مکتب خطیب الاسلام حیدرآباد دکن
- مکتب سلطان القراء حیدرآباد دکن
- جامع مسجد پڑاکال تالاکنڈا پلی منڈل، آرآرضلع تلنگانہ

مصادر و مراجع

(۱) خطبات خطیب الاسلام

(۲) مجالس خطیب الاسلام

(۳) تقریظات خطیب الاسلام

(۴) صحبت صالحین کے فوائد

(۵) دعوت و تبلیغ کے پیغمبرانہ اُصول

(۶) سیرت پاک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

(۷) فضائل و مسائل ماہِ رمضان المبارک

(۸) مجموعۂ نماز

(۹) اکسیری عمل قرآنی

(۱۰) تحفۂ حفاظ اور معجزۂ قرآن کریم

(۱۱) شجرۂ طیبہ خطیب الاسلامؒ

(۱۲) مدارس اسلامیہ ہندیہ میں خطیب الاسلام کا ورودِ مسعود

(۱۳) خطیب الاسلامؒ کے اسفار

(۱۴) تذکرۂ اکابرین اربعہ (حجۃ الاسلامؒ، شیخ الاسلامؒ، حکیم الاسلامؒ، خطیب الاسلامؒ)

(۱۵) جامع و مختصر شجرۂ نسب

(۱۶) تذکرۂ سلطان القراء

(۱۷) اجمالی تعارف جامعہ طیبہ حیدر آباد دکن

(۱۸) اجمالی تعارف ادارہ دارالاشاعت حیدر آباد دکن

(۱۹) مکتوبات خطیب الاسلامؒ بنام: مولانا قاری محمد یامین قاسمی صاحب

(۲۰) افادات خطیب الاسلامؒ، اکابرین اُمت کی نظر میں

(۲۱) ہم اور ہمارے اکابر: شیخ الحدیث مولانا علی حسن قاسمیؒ خلیفہ ومجاز: حضرت اقدس حکیم الاسلامؒ: ادارہ تحقیقات علمیہ حکیم الاسلامؒ حیدر آباد دکن

(۲۲) خطیب الاسلام حیات و افکار اور خدمات: ڈاکٹر مولانا محمد شکیب قاسمی صاحب، حجۃ الاسلام اکیڈمی دارالعلوم وقف دیوبند

(۲۳) خطیب الاسلام حیات مستعار کا ایک سرسری جائزہ: مفتی محمد قاسم صاحب اوجھاری، اسلامی مرکز تحقیق واشاعت اوجھاری

(۲۴) سیرت وشخصیت خطیب الاسلامؒ: مولانا محمد اسامہ صدیقی صاحب، حجۃ الاسلام اکیڈمی دارالعلوم وقف دیوبند

(۲۵) شجرۂ محبوبیہ: قاری محمد عبدالباسط خالد صاحب، مدرسہ تعلیم القرآن حیدر آباد دکن

(۲۶) ترجمانِ دیوبند جنوری ۲۰۰۷ء: مولانا ندیم الواجدی صاحب، دارالکتاب دیوبند

(۲۷) یادگارِ اسلاف جولائی ۲۰۰۸ء: مولانا حکیم محمد عبداللہ مغیثی صاحب، جامعہ اسلامیہ عربیہ گلزار حسینیہ اجراڑہ

(۲۸) پیغامِ رب اکتوبر ۲۰۱۸ء: مولانا محمد عبید الرحمٰن صاحب، مدرسہ اسلامیہ تعلیم القرآن وجئے واڑہ، آندھرا پردیش

(۲۹) سہ ماہی مجلہ بحث ونظر ۲۰۱۸ء: مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب، المعہد العالی الاسلامی حیدر آباد دکن

(۳۰) زوائد التبلیغ: حاجی محمد عبدالشکور صاحب بی ایس سی، پروفیسر ممتاز کالج ملک پیٹ حیدرآباد، مدرسہ تعلیم القرآن حیدرآباد دکن

(۳۱) اذان ہند مئی ۲۰۱۸ء مولانا عبد القیوم قاسمی صاحب، دارالعلوم محمودیہ سورت گجرات

(۳۲) دعوت وتبلیغ کے کام کرنے والوں کی رہبری کے لئے: مولانا محمد عبداللہ قاسمی صاحبؒ، رابطہ وفاق المدارس العربیہ اورنگ آباد

(۳۳) القاسم اگست ۲۰۲۱ء: شیخ الحدیث مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب، القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ نوشہرہ

(۳۴) سوغاتِ ماہر: مولانا قاری امتیاز احمد ماہر نرملی، جامعۃ المؤمنات نرمل

(۳۵) جلوۂ بصیرت: شاعر اسلام قاری احسان محسن صاحب، جامعہ اسلامیہ قاسم العلوم کوٹیسرہ

(۳۶) دارالافتاء: جامعۃ العلوم الاسلامیہ، علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن

(۳۷) احوال وکوائف ۱۹۹۷-۱۹۹۸ء: جامعہ اسلامیہ عربیہ گلزار حسینیہ اجراڑہ، مولانا حکیم عبداللہ مغیثی صاحب

(۳۸) دارالافتاء: اسلامی مرکز تحقیق واشاعت اوجھاوی، مفتی محمد قاسم صاحب

(۳۹) شجرۂ طیبہ مع شجرۂ سلوک وشجرۂ نسب: ڈاکٹر مولانا محمد تمیم احمد قاسمی صاحب، انجمن قاسمیہ مدراس تاملناڈو

(۴۰) تذکرہ حضرت مولانا حافظ محمد احمد نانوتویؒ (بقلم: حضرت مولانا محمد معاذ صاحب لاہوری)، ندائے وقف دارالعلوم دیوبند، فروری، مارچ ۲۰۲۴ء

● ● ●

جامع ومختصر سوانحی خاکہ
حضرت مولانا قاری محمد یامین قاسمی ایم اے علیگ

اسم گرامی : محمد یامین

سن ولادت : ۱ر جنوری ۱۹۵۶ء، مطابق: ۱۷ر جمادی الاول ۱۳۷۵ء بروز اتوار۔

والد ماجد : مجاہد آزادئ ہند محمد جمیل الدین جمعہ خان صاحبؒ۔

جدامجد : محمد عبداللہ خان (نانک جی) بن محمد عزت خان بن محمد احمد خان بن محمد نوال الدین خان بن فولاد خان۔

مسلک : اہل سنت والجماعت۔

مشرب : چشتیہ، صابریہ۔

مذہب : حنفی، دیوبندی۔

تعلیم وتربیت

ناظرہ قرآن کریم : حضرت حافظ قاری افسر علی صاحبؒ بانی وناظم جامعہ اسلامیہ عربیہ تعلیم القرآن ہرہ ضلع میرٹھ۔

حفظ قرآن کریم : حضرت قاری مولانا حامد حسن قاسمی صاحب ناظم جامعہ اسلامیہ عربیہ فیض الاسلام سیال نگلہ جی ضلع میرٹھ۔

تجوید وقراءت : استاذ القراء حضرت مولانا قاری جلیل الرحمٰن عثمانی صاحبؒ، شیخ القراء حضرت مولانا قاری محمد عبداللہ سلیم صاحب دامت برکاتہم۔

بخاری شریف : شیخ الحدیث حضرت مولانا شریف حسن صاحبؒ، حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ، مفتی اعظم ہند حضرت مولانا مفتی محمود الحسن گنگوہی صاحبؒ۔

مسلم شریف : حضرت مولانا عبد الاحد صاحبؒ، حضرت مولانا نصیر احمد خان صاحبؒ۔

ترمذی شریف : شیخ الحدیث حضرت مولانا شریف حسن صاحبؒ، مفتی اعظم ہند حضرت مولانا مفتی محمود الحسن صاحبؒ، حضرت مولانا محمد حسین صاحبؒ۔

ابوداؤد شریف : حضرت مولانا معراج الحق صاحبؒ، حضرت مولانا محمد نعیم صاحبؒ۔

نسائی شریف : فخر المحدثین حضرت مولانا سید انظر شاہ مسعودی کشمیری صاحبؒ۔

ابن ماجہ شریف : خطیب الاسلام حضرت مولانا محمد سالم قاسمی صاحبؒ۔

مشکوٰۃ شریف : حضرت مولانا خورشید عالم صاحبؒ، حضرت مولانا قمر الدین صاحب۔

مؤطا امام مالک : حضرت مولانا خورشید عالم صاحبؒ۔

شمائل ترمذی : حضرت مولانا فخر الحسن صاحبؒ۔

مؤطا امام محمد : حضرت مولانا قمر الدین صاحب۔

طحاوی شریف : حضرت مولانا وحید الزماں صاحبؒ۔

تفسیر بیضاوی : حضرت مولانا محمد نعیم صاحبؒ۔

سراجی : حضرت مولانا مفتی نظام الدین صاحبؒ۔

شرح نخبۃ الفکر : حضرت مولانا خورشید عالم صاحبؒ۔

مسلسلات : حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ۔

اصلاحی تعلق

(۱) حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب قاسمی صاحبؒ مہتمم دارالعلوم دیوبند وبانی وصدر آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ، مدت: ۱۳۹۷ھ تا ۱۴۰۳ھ۔

(۲) عارف باللہ حضرت مولانا قاری سید صدیق احمد ثاقبؔ باندوی بانی ومہتمم، جامعہ عربیہ ہتھورا، باندہ، مدت: ۱۴۰۴ھ تا ۱۴۱۸ھ۔

(۳) خطیب الاسلام حضرت مولانا محمد سالم قاسمی صاحبؒ مہتمم دارالعلوم وقف دیوبند، مدت: ۱۴۱۸ھ تا ۱۴۳۹ھ۔

خلافت واجازت بیعت

خطیب الاسلام حضرت مولانا محمد سالم قاسمی صاحبؒ۔

۷ر جمادی الثانی ۱۴۳۴ھ، مطابق: ۱۹؍اپریل ۲۰۱۳ء، بروز جمعہ۔

رشتۂ ازدواج

رفیقۂ حیات : محترمہ صفیرہ بانو بنت محمد عبدالشکور صاحب۔

تاریخ نکاح : ۵ ر ربیع الثانی ۱۴۱۵ھ، مطابق: ۱۲؍ستمبر ۱۹۹۴ء، بروز پیر۔

بمقام : مسجد معراج، کرما گوڑہ، سعید آباد، حیدرآباد دکن، الہند۔

اصلاحی تقاریر : شیخ الحدیث حضرت مولانا قاری علی حسن قاسمی صاحبؒ (خلیفہ ومجاز: حضرت اقدس حکیم الاسلامؒ) وحضرت مولانا محمد عبد القوی صاحب (بانی وناظم: ادارہ اشرف العلوم ٹرسٹ حیدرآباد)۔

نکاح خواں : حضرت مفتی محمد عبدالمغنی مظاہری صاحبؒ (بانی وناظم: مدارس سبیل الفلاح حیدرآباد)۔

گواہ : سید محمد احمد نقوی صاحب بن سید مشہود النبی نقوی صاحب (امروہی)، محمد عبدالباسط خالد صاحب بن حاجی محمد عبدالشکور صاحب۔

سسرالی رشتے

خسر : حضرت حاجی محمد عبدالشکور بن محمد عبدالقیوم صاحب (گلبرگہ شریف)۔

خوش دامن : محترمہ سیدہ حضور بانو بنت مولانا سید محبوب الحسن نقوی صاحبؒ (امروہہ)۔

برادر نسبتی : محمد عبد الباسط خالد، محمد عبد المقتدر اظہر، محمد عبد السمیع حامد، محمد عبدالعزیز ساجد۔

خواہر نسبتی : ثمینہ بانو، ممتاز بانو، صفورہ بانو، تسلیم بانو، حور بانو، صفیہ بانو۔

اولاد و احفاد

(۱) حافظ قاری محمد یاسین۔ (۲) صائمہ تبسم۔
(۳) اسماء انجم۔ (۴) عائشہ حمیراء۔
(۵) مولانا قاری محمد صادق الامین۔ (۶) فاطمۃ الزہراء۔
(۷) خدیجۃ الکبریٰ۔ (۸) حافظ قاری محمد زعیم۔
(۹) حافظ قاری محمد فہیم۔ (۱۰) حافظ محمد عظیم۔
(۱۱) مسفرہ مریم۔ (۱۲) احمد وسیم۔

تاریخی یادگار کارنامہ

(۱) قیام مسجد و مدرسہ : مکہ مسجد و دارالعلوم سیڑم ضلع گلبرگہ شریف کرناٹک۔

سن قیام : ۱۴۱۲ھ، مطابق: ۱۹۹۲ء۔

(۲) قیام ادارہ : ادارہ دارالاشاعت شاہین نگر حیدرآباد دکن۔

سن قیام : ۱۷ر محرم الحرام ۱۴۱۹ھ، مطابق: ۱۴ر مئی ۱۹۹۸ء، بروز جمعرات۔

(۳) قیام مدرسہ : جامعہ طیبہ شاہین نگر، حیدرآباد دکن الہند۔

سن قیام : ۵ رشوال المکرم ۱۴۲۱ھ، مطابق: یکم جنوری ۲۰۰۱ء بروز پیر۔

(۴) جامع مسجد پڑاکال تالاکنڈاپلی منڈل، رنگاریڈی ضلع، تلنگانہ۔

سن قیام : ۲۹ رشوال المکرم ۱۴۴۵ھ، م: ۹ رمئی ۲۰۲۴ء بروز جمعرات۔

تصنیفی خدمات

(۱) خطبات خطیب الاسلام۔

(۲) مجالس خطیب الاسلام۔

(۳) مقالات خطیب الاسلام۔

(۴) مضامین خطیب الاسلام۔

(۵) ملفوظات خطیب الاسلام۔

(۶) مکتوبات خطیب الاسلام بنام مولانا قاری محمد یامین قاسمی صاحب۔

(۷) معارف خطیب الاسلام۔

(۸) تبرکات خطیب الاسلام۔

(۹) تحقیقات خطیب الاسلام۔

(۱۰) تذکرہ اکابرین اربعہ (حجۃ الاسلامؒ، شیخ الاسلامؒ، حکیم الاسلامؒ، خطیب الاسلامؒ)۔

(۱۱) دعوت وتبلیغ کے پیغمبرانہ اُصول اور حضرت مولانا محمد الیاس صاحبؒ دعوت وتبلیغ کے مجدد۔

(۱۲) سیرتِ پاک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم۔

(۱۳) رمضان المبارک رحمتوں کا مہینہ۔

(۱۴) فضائل ومسائل ماہِ رمضان المبارک۔

(۱۵) مسنون نکاح اور پُرسکون زندگی۔

(۱۶) تحفۂ حفاظ اور معجزۂ قرآن کریم۔

(۱۷) شجرۂ طیبہ خطیب الاسلام۔

(۱۸) اکسیری عمل قرآنی (واضح ہو کہ یہ کتاب شیخ الاسلام حضرت اقدس مولانا حافظ محمد احمد قاسمی صاحبؒ مہتمم دارالعلوم دیوبند، صدر الصدور میر مجلس جامعہ نظامیہ و چیف جسٹس عدالتِ عالیہ آصف جاہ سابع نظام سرکار حیدرآباد دکن) کے معمولات پر مشتمل ہے۔

(۱۹) تذکرہ مفتی اعظم دکن بزمانہ حضور نظام سرکار۔

(۲۰) مجموعۂ نماز۔

(۲۱) عبادتِ حج۔

(۲۲) خطیب الاسلام کے اسفار۔

(۲۳) خطیب الاسلام اور آل انڈیا مسلم پرسنل لابورڈ۔

(۲۴) صحبت صالحین کے فوائد۔

(۲۵) مدارسِ اسلامیہ ہندیہ میں خطیب الاسلام کا ورودِ مسعود۔

●●●

مولانا قاری محمد یامین قاسمی اکابر علماء کی نظر میں

مدرسہ کا قیام انشاء اللہ مبارک و مسعود ہے بالواسطہ جس فیضانی نسبت سے آپ ماشاء اللہ مستفید ہیں، وہ حضرت والد ماجد حکیم الاسلام مولانا محمد طیب صاحبؒ کی نسبت مقبولہ ہے، مدرسہ کے نام میں اس نسبت مقبولہ کا شمول انشاء اللہ باعث مقبولیت ہوگا، اس لئے احقر کے خیال میں مدرسہ کا نام ''جامعہ طیبہ حیدرآباد'' موزوں اور مناسب رہے گا۔

(خطیب الاسلام حضرت مولانا محمد سالم قاسمی صاحبؒ)

مولانا قاری محمد یامین صاحب قاسمی مہتمم جامعہ طیبہ حیدرآباد نے حضرت مولانا محمد سالم صاحب قاسمی مہتمم وقف دارالعلوم دیوبند کے خطبات کو جمع کیا ہے؛ تاکہ ان سے افادہ عام ہو سکے، یہ اچھا کام ہے۔

(حضرت مولانا سید محمد رابع حسنی ندوی صاحبؒ)

خوشی کی بات ہے کہ محب گرامی حضرت مولانا قاری محمد یامین قاسمی صاحب دامت برکاتہم ناظم ادارہ دارالاشاعت حیدرآباد جو استاذ گرامی کے مقرب لوگوں میں ہیں اور نہ صرف شاگرد ہی ہیں؛ بلکہ احسان و سلوک میں بھی ان کے مجاز ہیں، انھوں نے حضرت والا کی افادات کی اشاعت کا بیڑا اُٹھایا ہے۔

(فقیہ العصر حضرت مولانا خالد سیف اللہ رحمانی دامت برکاتہم)

گرامی قدر محترم عبد النور صاحب! خطبات کے مرتب محترم مولانا محمد یامین صاحب کو خاص طور پر دُعاء میں یاد رکھیں، جن کی محنتیں اور لگن نہایت قابل قدر ہیں، ہم بھی دُعاؤں کے طالب ہیں۔

(مفکر اسلام حضرت مولانا محمد سفیان قاسمی صاحب دامت برکاتہم)